# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

## (شعبہ ابلاغ عامہ)

کورس: صحافت-I(5623) سمسٹر: بہار 2013ء

سطح: ایم اے

## درسی مواد برائے طلبہ

عزیز طلبہ! السلام علیکم!

امید ہے کہ آپ کا یہ تعلیمی سفر ہمارے ساتھ خوشگوار رہے گا۔

-1 امتحانی مشق، مطالعے اور کتاب سے ذہنی ہم آہنگی جانچنے کے لیے حل کروائی جاتی ہے اس حوالے سے مشق میں اچھے نمبر تب ہی حاصل کیے جا سکتے ہیں جب مشق ہو بہو کتاب سے نقل نہ کی گئی ہو۔ کتاب کا اچھی طرح مطالعہ اور مفہوم کو سمجھنے کے بعد اپنے الفاظ میں تمام سوالوں کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

-2 مشق حل کرتے وقت کتب خانوں میں بھی متعلقہ دیگر کتب کا مطالعہ کریں۔

-3 اس کے علاوہ صحافت کے عملی پہلوؤں کا تنقیدی جائزہ لینا بھی آپ کے لیے بے حد ضروری ہے۔ اس کے لیے مشورہ ہے کہ اخبار کا مطالعہ باقاعدگی سے کیا کریں۔ اس میں موجود خبروں، کالموں، اداریوں اور دوسرے مواد کی نوعیت کو آپ اپنی درسی کتاب میں بیان کیے گئے صحافت کے اصولوں کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کریں۔

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو درج ذیل مواد بھیجا جا رہا ہے:

| | | |
|---|---|---|
| -1 | عمومی رہنمائے طلبہ | ایک عدد |
| 2 | درسی کتاب (یونٹ 1 تا 9) | ایک عدد |
| -3 | امتحانی مشقیں | 2, 1 |
| -4 | فارم برائے امتحانی مشق | 2 سیٹ (6 عدد) |
| -5 | اوقات نامہ برائے (الف) مشقی کام (ب) تعلیمی اجتماعات | |

نوٹ:

اگر اس بستہ میں متذکرہ بالا میں سے کوئی چیز موجود نہ ہو تو اس کی اطلاع "شعبہ مراسلاتی خدمات" علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیں تاکہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔ کورس سے متعلق کوئی مشکل یا شکایت ہو تو "شعبہ ابلاغ عامہ" سے رابطہ کریں۔

کورس رابطہ کار

پروفیسر ڈاکٹر سید عبدالسراج

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ ابلاغ عامہ)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: صحافت-I(5623) — سمسٹر: بہار 2013ء

سطح: ایم اے — کل نمبر 100

کامیابی کے نمبر: 40

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 4)

سوال نمبر 1- صحافت کی تعریف کریں۔ نیز اس کے فرائض ومقاصد پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 2- صحافت کے مختلف نظریات کا تقابلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 3- صحافت کا آغاز کیسے ہوا؟ برصغیر پاک و ہند میں 1857 کی جنگ آزادی کے بعد صحافت کے ارتقاء کا تفصیلی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 4- پاکستان میں صحافت کی موجودہ صورت حال پر سیر حاصل بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- صحافتی زبان سے کیا مراد ہے؟ صحافتی اسلوب زبان دیگر اسالیب زبان سے کس طرح مختلف ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

☆☆☆☆☆

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5 تا 9)

سوال نمبر 1- خبر کی تعریف کریں۔ خبر کی تدوین کے اصول تحریر کریں۔ نیز خبروں کو نمایاں کرنے کے طریقوں پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- صحافتی زبان میں اداریہ سے کیا مراد ہے؟ اداریے کے مقاصد واہمیت پر روشنی ڈالیں نیز اداریوں کی مختلف اقسام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- فیچر کے مفہوم اور اہمیت کی وضاحت کریں۔ مختلف اصناف فیچر کی مثالوں کی مدد سے وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- کالم نویسی کے عالمی ارتقاء کا جائزہ لیں۔ کالم کی مختلف اقسام پر تبصرہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- تبصرہ نویسی سے کیا مراد ہے؟ تبصرہ کے اجزائے ترکیبی کے بارے میں پُرمغز بحث کریں۔ (20)

☆☆☆☆☆